6 مئی 2025

انجینئر محمد ایوب چیف ایگزیکٹو گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی نے شفیق الرحمٰن ایس ای گیپکو، مرزا فواد ایکس ای این 1، عابد چوہدری ایکس ای این 2 کے ہمراہ گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور محمد منیر پشاوری صدر گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر صدارت گجرات کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ میٹنگ کی۔

میٹنگ میں حاجی ناصر محمود گروپ لیڈر، فہد رفیق نائب صدر، نعمان احمد، احمد حسن، قیصر لطیف، عمران وڑائچ، علی شان جمشید، عابد حسین، حمزہ افتخار حسین ملک، ولید عارف ایگزیکٹو ممبران، عامر نعمان سابق صدر، عدنان اقبال مکی چیئرمین پاٹری ایسوسی ایشن، نبیل الیاس چیئرمین فین ایسوسی ایشن، حاجی زاہد سابق چیئرمین پاٹری ایسوسی ایشن، وقار ایوب بٹ چیئرمین ویزہ لیٹر کمیٹی، سابق ایگزیکٹو ممبران اور بزنس کمیونٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

محمد منیر پشاوری صدر گجرات چیمبر نے کہا کہ انجینئر محمد ایوب کو اپنے ادارے میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں مجھے انتہائی خوشی ہے کہ آپ نے ہماری دعوت قبول کی اور یہاں تشریف لائے۔ صدر گجرات چیمبر نے ان کو گجرات شہر، اس کی انڈسٹری کا تعارف کروایا اور گجرات چیمبر آف کامرس اور اس کی سروسز کا تعارف کروایا انہوں نے کہا کہ آج آپ کے ساتھ میٹنگ کا مقصد ہے کہ گجرات کی صنعت وتجارت کو گیپکو سے متعلق درپیش مسائل آپ کے گوش گزار کیئے جائیں اور ان کے جامع حل کے لیے کوشش کی جائے۔ آپ کے ساتھ گیپکو آفس میں میٹنگ میں بھی ہم نے کافی مسائل پر بات کی تھی۔

موسم گرما شروع ہوگیا ہے اور اس موسم میں ٹرانسفارمر خراب ہونے کی کافی شکایات آتی ہیں اور اس وجہ سے کئی علاقوں کی بجلی دو تین دن بند رہتی ہے۔ گجرات میں عملہ کی بھی شدید کمی ہے خاص طور پر لائن مین اور لائن سپریڈنٹ کی تعداد کو پورا کیا جائے خاص طور پر گرمی کے چار، پانچ ماہ میں اس چیز کا خیال رکھا جائے۔ گیپکو کے موجودہ سٹاف کو اس طرح سے ٹرین کی جائے کہ سٹاف کی کمی کے باوجود سروس بروقت ملے۔ بجلی کے بلوں پر جو سروس نمبر دیئے جاتے ہیں وہ کافی کوشش کے بعد بھی اٹینڈ نہیں ہوتے کس کی وجہ سے شکایت درج کروانے میں کافی مسئلہ آتا ہے۔

پچھلے تین چار سال سے یہ سلسلہ چل رہا ہے کہ کوئی ایک ٹرانسفارمر یا لائن کی مرمت کرنی ہو تو پورا فیڈر بند کر دیا جاتا ہے اور تمام ٹرانسفارمر جو ایک فیڈر پر ہوتے ہیں ان کی سپلائی منقطع ہو جاتی ہے اس کو بہتر کیا جائے۔ کیونکہ اس سے انڈسٹری کافی متاثر ہوتی ہے اور اگر انڈسٹریل ایریاء میں ایسا کرنا مقصود ہے تو اس کے لیے اس دن کا انتخاب کیا جائے جب انڈسٹری بند ہوتی ہے۔ گرین میٹر کی امپورٹ اور ایکسپورٹ شدہ یونٹس کے حوالے سے بزنس کمیونٹی کو ایجوکیٹ کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اسکے فارمولا کے حوالے سے ان میں کافی ابہام پایا جاتا ہے۔ صارفین کو ڈیٹیکشن کی مد میں جو پنلٹی ڈالی جاتی ہے اس حوالے سے ان میں کافی تحفظات ہیں اس کی پالیسی واضح کی جائے۔ میٹر کی تبدیلی کے جو چارجز ڈالے جاتے ہیں اس حوالے سے پالیسی واضح کی جائے۔

گجرات چیمبر کے ون ٹو ڈو سہولت سنٹر میں قائم گیپکو ہیلپ ڈیسک میں 2 نمائندے مختص کیئے گئے تھے جو کہ غیر حاضر رہتے ہیں اور اس کے لیے آپ سے میٹنگ میں بھی درخواست کی تھی اس کے لیے آپ سے ایک دفعہ پھر درخواست کرتا ہوں کہ اس ہیلپ ڈیسک میں نمائندوں کی ذمہ داری لگائی جائے جو کہ ہفتہ میں کم از کم تین دن وقت ضرور دیں۔ ہمارے جلالپور سے متعلقہ پاورلومز سیکٹر کے ممبران کی طرف سے بھی درخواست آئی ہے کہ جب بھی کوئی ٹرانسفارمر تبدیل کیا جاتا ہے تو پورے فیڈر کی بجلی کافی گھنٹوں کے لیے بند کر دی جاتی ہے اس میں بہتری کی جائے۔ جلالپور جٹاں میں لائن مین کی کمی ہے اس کمی کو بھی جلد از جلد پورا کیا جائے۔ مجھے امید ہے کہ بزنس کمیونٹی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جائیں گے۔

حاجی ناصر محمود گروپ لیڈر شاہین گروپ نے کہا کہ آپ کو گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خوش آمدید کہتے۔ انہوں نے کہا کہ عملہ کی کمی کا سب سے زیادہ مسئلہ ہے۔ یہ مسئلہ تب آتا ہے جن بھرتی گجرات کے لیے ہوتی ہے لیکن اس میں گجرات کے بجائے دیگر شہروں سے بھرتی کی جاتی ہے جو کہ بعد میں اپنے شہر میں ٹرانسفر کروا لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفارمر خراب ہونے کی وجہ سے پورا فیڈر بند کر دیا جاتا ہے اور ایسا تقریباً روزانہ ہوتا ہے کیونکہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ میں کوئی نہ کوئی ٹرانسفارمر خراب رہتا ہے۔ ٹرانفارمر تبدیل کرنے کے لیے پہلے وہ ایس ای سے رابطہ کرتے ہیں پھر ایس ڈی او اور اس کے بعد ایکس ای این سے اپروول لی جاتی ہے۔ اس کی اتھارٹی متعلقہ ایس ڈی او کے پاس ہونی چاہیئے تاکہ وقت ضایع نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ تاریں لٹکی ہوئی ہیں ان کی جگہ فور کور لگائی جائیں اس کی اشد ضرورت ہے۔ ٹرانسفارمرز کی زیادہ تر ڈی خراب ہیں آپ ہمیں اجازت دیں انڈسٹری خود اپنے ٹرانسفارمر کی ڈی تبدیل کروا لے گی۔

ملک مظہر اقبال اعوان چیئرمین واپڈا اسٹینڈنگ کمیٹی نے کہا کہ آپ کے آنے کی آج بہت خوشی ہوئی ہے آپ کو گجرات چیمبر آف کامرس میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اجتماعی مسائل پر بات ہوگئی ہے، سٹاف کی کمی کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اس کو حل کیا جائے، گیپکو کی جانب سے اپنی ورکشاپ بنائی جانی چاہیئے کیونکہ باہر سے جو ٹرانسفارمر ریپئر کروائے جاتے ہیں وہ کچھ ہی ان بعد دوبارہ خراب ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وولٹیج پورے نہیں آتے لیکن انڈسٹری پھر بھی گزارہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کو لوڈ بڑھا دیا جاتا ہے اور ٹرانسفارمر بھی نیا لگا دیا جاتا ہے جس کا ڈیمانڈ نوٹس وہ بندہ ہی ادا کرتا ہے لیکن پرانا ٹرانسفارمر ادارہ لے جاتا ہے حالانکہ اس کی قیمت بھی صارف نے ادا ہوتی ہے۔ پرانے ٹرانسفارمر کو ڈیمانڈ نوٹس میں ایڈجسٹ کیا جانا چاہیئے۔

اگر کسی کے میٹر میں کوئی مسئلہ آ رہا ہے تو ادارہ کے بندے کو بتانا چاہیئے جو کہ ریڈنگ لینے جاتا ہے کیونکہ صارف اس چیز سے نا واقف ہوتا ہے اسکو تب پتا چلتا ہے جب سلو میٹر کی مد میں پنلٹی ڈال دی جاتی ہے۔ پاور جنریشن پیک پر ہے لیکن سروس کا معیار بہت نیچے ہے۔ کوئی مسئلہ ہو تو دفتر کے کئی چکر لگانے پڑتے ہیں اس کے لیے ادارہ کی جانب سے ون ونڈو سہولت متعارف کروانی جانی چاہیئے۔ آپ اپنا سسٹم بہتر کریں، لائن بہتر کریں، جمپر لوڈرز اور ڈی نئے لگائیں تاکہ خرابی کم ہو۔

مظفر حسین ڈار سابق سینئر نائب صدر نے کہا کہ جلالپور میں بھی بڑا مسئلہ تو سٹاف کی کمی کا ہے۔ وہاں پر پانچ فیڈر ہیں جن کے لیے صرف دو بندے ہیں ان کی تعداد کم از کم چار یا چھ ہونی چاہیئے۔ جلالپور کو 1992 میں دو گاڑیاں ملیں تھیں جن میں سے ایک خراب ہے۔ اب کبھی کوئی ٹرانسفارمر خراب ہوتا ہے تو پہلے گاڑی لے کر جائے گی پھر لے کر آئے گی اور اس سارے پراسس میں تین سے چار گھنٹے لگ جاتے ہیں۔

حاجی زاہد سابق چیئرمین پاٹری ایسوسی ایشن نے کہا کہ انڈسٹری کے میٹر کے لیے نام کی تبدیلی کا مسئلہ ہے دوسرا سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے لیے علیحدہ سے شکایت دفتر بنایا جائے

نبیل الیاس چیئرمین فین ایسوسی ایشن نے کہا کہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے حوالے سے ہی مسائل ہیں۔ گورنمنٹ آئی پی پیز سے نئے معاہدے کر رہی ہے اس سے کافی بہتری آئے گی۔ بلز کے جمع کروانے کی تاریخ کے درمیان وقت بہت کم ہوتا ہے اس میں بہتری لائی جائے۔

چیف ایگزیکٹو گیپکو نے کہا کہ دل کی گہرائیوں سے مشکور ہوں۔ آپ کی چاہت اور خلوص کا بہت شکریہ۔ گجرات کی انڈسٹری دنیا میں ایک اہم مقام رکھتی ہے۔ آپ کو گیپکو گوجرانوالہ کی جانب سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے کبھی بلز ڈیفالٹ نہیں ہوئے انڈسٹری نے ہمیشہ وقت پر بلز جمع کروائے ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور وزیر توانائی سردار اویس احمد لغاری کی ہدایت کے مطابق بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ نئے ای ایم آئی میٹر لگائے جا رہے ہیں اور 10 کلوواٹ تک ای ایم آئی میٹر لگائے جا چکے ہیں۔ اب اگلے فیز میں 5 کلوواٹ تک ای ایم آئی میٹر لگائے جائیں گے اس کے ریڈنگ آٹو میٹک ہوا کرے گی اور بلنگ ختم ہوگی۔ اوور بلنگ کو روکنے کے لیے اپنا میٹر ایپ بھی شروع کی گئی ہے جس میں صارف خود اپنی ریڈنگ بھیج سکتا ہے۔ ٹرانسفارمر کی کمی نہیں ہے ہم نے 3-4 فالتو ٹرانسفارمر ہر سب ڈویژن میں رکھوائے ہیں۔ عملہ کی کمی کا مسئلہ ہے اس کی اپروول کے لیے لکھا ہوا ہے امید ہے جلد ہی کمی پوری ہوگی۔ آپ اپنی شکایت 118 پر رجسٹر کروا سکتے ہیں اور خود کار طریقے سے ڈویژن اور متعلقہ سب ڈویژن میں موصول ہوگی اور اگر اس پر عمل درآمد نہیں ہوتا تو ہیڈ کوارٹر سے اس پر ایکشن لیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفارمر کی تبدیلی یا خرابی کی درستگی کے لئے گرڈ بند کرنا پڑتا ہے کیونکہ ایک لائن سے سارا گرڈ لنک ہوتا ہے۔ ہماری کوشش ہوتی ہے کم سے کم وقت میں اس کو ٹھیک کیا جائے۔ ہم اس کے لیے نیا سسٹم بھی لا رہے ہیں لیکن اس میں ایک سال لگ جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ ای ایم آئی بذات خود نیٹ میٹرنگ ہے اس کا صرف سافٹ ویئر بدلنا پڑتا ہے۔ اس کا یہ فائدہ ہوگا کہ جیسے ہی میٹر سلو ہوگا ہمیں اسی وقت اس کا علم ہو جائے گا۔ میٹر کی تبدیلی کا پراسس بہت سادہ ہے اور اسی وقت اس پر عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ آپ میرے پی ایس او اور ایس ای سے رابطہ کریں اور ان کو مسئلہ بتا سکتے ہیں اور اگر میرے کسی امپلائی کی جانب سے تنگ کیا جاتا ہے تو مجھے بتائیں اس پر ایکشن لیا جائے گا

سوالات کے جوابات دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئی بھرتی اب ضلع کے حساب سے ہوگی اور اسی ضلع کے افراد لیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفارمر زیادہ تر لوڈ کی وجہ سے خراب ہوتے ہیں۔ آپ اپنے سینکشن لوڈ میں استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ 60 کلوواٹ تک جنرل کٹیگری میں لوڈ آتا ہے اور اگر اس سے اوپر لوڈ جاتا ہے تو انڈسٹری کو اپنا علیحدہ ٹرانسفارمر لگوانا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ بجلی کی قیمتیں مزید کم ہوں گیں۔ آپ کو مستقبل میں بہت بہتری ملے گی۔ میں تین ماہ بعد دوبارہ آؤں گا اور اگر آپ کے مسائل پھر سے یہی رہے تو گجرات کا پورا عملہ تبدیل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے میٹنگ کے دوران ہی اپنے عملہ کو مسائل کے حل کے لیے ایکشن لینے کے آرڈر کیئے۔

میٹنگ کے اختتام پر فہد رفیق نائب صدر نے سب مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ مسائل حل ہوں گے۔ آپ کوشش کریں ہر چار ماہ بعد گجرات چیمبر کا دورہ کریں اور اوور لوڈ کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن کا انعقاد بھی کریں تا کہ انڈسٹری کو اس حوالے سے آگاہی دی جا سکے۔